Urdu - 5th Class Urdu Chapter 3 Short Questions Test

Q1. سبق ک آغاز میں کس واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے.

Ans 1: سبق کے آغاز میں فتح مکہ مکرمہ کے واقعے کی طرف اشارہ کیا گیاہے.

Q2. خادم اور غلام کے بارے میں آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا.

Ans 1: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتےتھے کہ تمہارے خادم اور غلام تمہارے بھائی ہیں. اللہ تعالی نے ان کو تمہارے ماتحت کردیا ہے. ہر مسلمان کو چاہیے کہ جو کھانا خود کھائے اپنے غلام کو بھی وہی کھانا کھلائے اور جو کپڑا خود پہنے ان کو بھی پہنائے اپنے غلام اور خادم سے ایسی مشقت نہ لے جو اس کی طاقت سے بڑھ کر ہو اور اگر اس کی طاقت سے بڑھ کر کام لے تو اس میں اس کی مدد کرے.

Q3. اہل قریش نے آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کے جواب میں کیا کہا.

Ans 1: اہل قریش نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کے جواب میں کہا. آپ سے بھلائی اور خیر کی امید ہے. آپ رحم و کرم والے بھائی اور رحم و کرم کرنے والے بھائی کےبیٹے ہیں.

Q4. جانوروں کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا.

Ans 1: جانوروں کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " لوگو ان بے زبانوں کے معاملے میں اللہ تعالی سے ڈرو.

Q5. حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کون تھیں.

Ans 1: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ تھیں.

Q6. صادق اور امین کس ہستی کے القاب ہیں اور یہ القاب ان کو کس وجہ سے ملے.

Ans 1: صادق اور امین حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے القاب ہیں اور یہ القاب ان کو سچائی اور امانت داری کی وجہ سے ملے.

Q7. صحابی کسے کہتے ہیں.

Ans 1: ہر وہ شخص نے ایمان کی حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسم کو دیکھا ہو یعنی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی ہو اور اسلام پر ہی فوت ہوگیاہو صحابی کہلاتا ہے

Q8. وحشی کون تھا.

Ans 1: وحشی بن حرب نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ کو غزوہ احد میں بے دردی سے شہید کردیا تھا. یہ بعد میں مسلمان ہوگیا تھا.

Q9. وحشی اور ہندہ کا جرم کیا تھا اور ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا.

Ans 1: وحشی کا جرم یہ تھا کہ اس نے آپ خاتم النبین حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے چچا امیر حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ کو قتل کیا تھا اور قتل کروانے والی ہندہ بنت عتبہ تھی. دونوں آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش ہوئے دونوں نے آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم سےمعافی مانگی. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں معاف کردیا.

Q10. انسانوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالی نے دنیا میں کس کو بھیجا

Ans 1: انسانوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالی نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا